(1)

# روبروئے الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

بذریعہ سکریٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان شاہراہ دستور اسلام آباد

27/03/2018
1-6

مضمون: **اپیل** /RESPRESENTIO بناراضی مجوزہ حلقہ بندی
PK28، PK-29 ضلع بٹگرام صوبہ خیبر پختونخواہ۔

**استدعا:- اپیل/REPRESENTION ہذا منظور فرماتے ہوئے ضلع بٹگرام کے صوبائی حلقوں کی سابقہ ہیت اور حیثیت برقرار رکھی جاوے اور مجوزہ تبدیلی واپس لی جاوے۔**

**موجبات اپیل**

***GROUND FOR REPRESENTATION***

**جناب عالی!** مضمون اپیل ذیل عرض ہے۔

1۔ یہ کہ مجوزہ حلقہ بندی 2018ء کے مطابق تحصیل بٹگرام کے 4 پٹوار سرکل (i) تھاکوٹ (ii) پائمال شریف (iii) برسر بشکوٹ (iv) ہوتل کو تحصیل بٹگرام PK-29 سے علیحدہ کر کے تحصیل الائی PK-28 کے ساتھ شامل کیا گیا ہے (تفصیل لف ہے......."A")

2۔ یہ کہ مجوزہ حلقہ بندی غلط، خلاف حقیقت، خلاف قانون، حلقہ بندی کے مروجہ اور مسلمہ اُصول سے متصادم منافی اور برعکس ہونے کی بناء پر نا قابل عمل اور نا قابل پذیرائی ہے۔

3۔ یہ کہ حلقہ بندی کرتے وقت جن راہنما اُصول کو مدنظر رکھا جاتا ہے اور جسکی نشاندہی خود کمیشن نے 2017 کے انتخابی قانون (Act) کے دفعہ 20 اور قواعد 2017 (Rules) نمبری (3)9 میں کی ہوئی ہے۔ میں مندرجہ ذیل بہت اہم ہے۔

(رولز اور دفعہ 20 کی کاپی لف ہے........."B")

(i) تاریخی پس منظر (ii) جغرافیائی وحدت (iii) سماجی حالات زندگی (iv) باشندہ اقوام کی تفصیل (v) مواصلاتی سہولت (vi) ووٹر کی سہولت (vii) انتظامی نوعیت (viii) نمائندہ حقوق (Pre-Domination) (ix) آبادی کا تناسب

اس معیار پر اگر دیکھا جائے تو مجوزہ حلقہ بندی کرتے وقت ان راہنما اُصولوں کو نظر انداز کیا گیا جو بدیں وجہ مجوزہ حلقہ بندی قابل عمل اور قابل پذیرائی نہ ہے۔

## تاریخی پس منظر:۔

زمانہ قدیم سے موجودہ ضلع بٹگرام دو علاقہ جات (i) علاقہ بٹگرام (ii) علاقہ الائی پر مشتمل چلا آرہا ہے۔ اس تاریخی حیثیت اور حقیقت کو درست، اہم اور مرکزی جانتے ہوئے 1976 میں تحصیل بٹگرام قائم ہو کر الائی کا الگ اور بٹگرام کا الگ حلقہ ہے اور یہی صورت حال تا حال چلا آرہا ہے یہاں تک 1993 میں ضلع بٹگرام قائم ہو کر تحصیل الائی / علاقہ الائی پر مشتمل PK/PF-60 اور تحصیل بٹگرام / علاقہ بٹگرام پر مشتمل PK/PF-59 قائم چلے آرہے ہیں۔ اس کو جس طریقے سے چھیڑنے اور ردوبدل کرنے کی کوشش کی جائیگی تو بہتری نہیں بلکہ ابتری آئیگی۔

## جغرافیائی وحدت:۔

تحصیل الائی / علاقہ الائی PK-28 ایک علیحدہ مستقل جغرافیائی وحدت ہے۔ اسی طرح تحصیل بٹگرام / علاقہ بٹگرام PK-29 ایک علیحدہ مستقل جغرافیائی وحدت ہے۔ ہر دو علاقہ جات کے درمیان قدرتی حد فاصل کے طور پر ایک بلند و بالا دشوار گزار برف پوش پہاڑ شمالاً جنوباً واقع ہے

جس کی کم از کم اُونچائی 8000 ہزار فٹ اور زیادہ سے زیادہ 14000 فٹ ہے۔ بٹگرام وہل شملائی تک جاتا ہے۔ جسکی جانب غرب علاقہ بٹگرام اور جانب مشرق علاقہ الائی واقع ہے یہ پہاڑ دشوار گزر برف پوش ہونے کے علاوہ غیر محفوظ، خطرناک اور نا قابل استعمال بھی ہے
(تصاویر لف ہے........"C")

## مواصلاتی نظام/رابطہ:-

علاقہ / تحصیل الائی/PK-28 اور علاقہ بٹگرام/ تحصیل بٹگرام/PK-29 کے درمیان رابطہ کیلئے C&W کا تعمیر کردہ صرف ایک سڑک موسومہ تھاکوٹ بنہ روڈ موجود ہے۔ جو تھاکوٹ سے کچھ آگے دوشاخہ ہوکر ایک براستہ صوبت چھریا المعروف مصیبت چھری اور دوسرا راستہ بیچ بیاری المعروف موت کا کنواں پُل صراط اور ہر دو سڑک براستہ بلند و بالا پہاڑ مذکورہ بالا تحصیل صدر مقام بنہ پہنچ جاتے ہیں۔ اس کہ علاوہ آمدورفت کا مختصر محفوظ اور قابل عمل راستہ پیادہ یا بذریعہ سڑک موجود نہ ہے۔ (تصاویر تھاکوٹ بنہ روڈ لف ہے..........."D")

(i)۔ مجوزہ حلقہ بندی میں جو پٹوار حلقہ پائمال کو علاقہ الائی PK-28 میں شامل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تو پائمال کا بطرف الائی PK-28 بذریعہ سڑک رابطہ نہ ہے۔ (محکمہ C&W اور TMA کے سرٹیفیکٹ لف ہے........."E")۔

پائمال کا الائی کے ساتھ آمدورفت کا زریعہ براستہ بٹگرام (ضلع صدر مقام) ہے جو پائمال سے بٹگرام کا فاصلہ 20 کلومیٹر ہے۔ بٹگرام سے آگے تھاکوٹ تک 25 کلومیٹر کا راستہ بذریعہ KKH ہے۔ اور یہ جملہ راستہ (20+25)، PK-29 سے گزرتا ہے۔ پھر تھاکوٹ سے تحصیل صدر مقام الائی بنہ تک مزید 29 کلومیٹر کا راستہ ہے۔ جو مذکورہ بالا بلند پہاڑ سے گزرتا ہے۔ اسی طرح PK-28 تک پہنچنے کیلئے بمقابلہ بٹگرام 20 کلومیٹر کے بجائے 74 کلومیٹر کا راستہ طے کرنا پڑیگا۔ اور اسی کا زیادہ تر حصہ دوسرے حلقہ PK-29 کے سفر میں لگے گا۔ یوں مجوزہ حلقہ بندی غیر فطری اور نا قابل عمل ہے۔ نمائندگی کے اُصول اور ووٹر کی سہولت کے برعکس ہے۔

(ii)۔ اسی طرح پٹوار سرکل ہوتل دیشان و پٹوار سرکل تھاکوٹ و پٹوار سرکل بشکوٹ و بر سر تحصیل ہیڈ کوارٹر بٹگرام سے بذریعہ KKH جو ابھی CEPAK میں تبدیل ہوا ہے 25 کلومیٹر ہے اور تھاکوٹ

سے C&W کا روڈ جو دشوار گزر پہاڑوں سے گزر کر بنہ الائی ہیڈ کوارٹر تحصیل الائی پہنچا ہے جس پر آنا جانا مشکل ہے۔ وضاحت اُوپر کی جا چکی ہے۔

## اقوام کی تفصیل:-

علاقہ الائی/ تحصیل الائی PK-28 میں اقوام گیلال، بیبال، جلانگیاں، ڈھوٹیال، پیائی، مدے خیل، اخوخیل اور سادات رہائش پذیر ہے۔ ان اقوام کی نسل اور کسی قسم کی موروثی جائیداد اور رہائش علاقہ / تحصیل بٹگرام/PK-29 میں موجود نہ ہے۔ اسی طرح علاقہ / تحصیل بٹگرام/PK-29 میں دیشان، پنچیر ال، پنچغول، دودال، مالکال، اشروڑ، نروڑ، جہانگیری، سرخیلی، ارغشول وغیرہ کی نسل آباد ہے۔ جن کی الائی تحصیل الائی اور PK-28 میں موروثی جائیداد مستقل رہائش اور سکونت نہ ہے۔

(تفصیل اقوام لف ہے............"G")

27/03/2019

## سماجی حالت رابطہ:-

نسل اور فرقہ جات میں اس واضح فرق/ تفاوت کے باعث آپس قرابت داری، میل جول، رشتے ناطے، آمدورفت نہ ہونے کے برابر ہے بلکہ ترقی کی رفتار میں بھی بڑا فرق ہے۔ جو نزدیکی، یگانگت کے بجائے دوری اور علیحدہ پن زیادہ کارفرما ہے۔

## انتظامی حالات:-

جغرافیائی وحدت، تاریخی پس منظر، اقوام کی تفصیل قدرتی حد فاصل بلند و بالا دشوار گزر پہاڑ مذکورہ بالا کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع بٹگرام میں دو تحصیل بٹگرام اور الائی قائم کیے گئے ہیں۔ تحصیل بٹگرام دو قانونگو سرکل، (i)۔ کوزہ بانڈہ (ii)۔ بٹگرام اور تحصیل الائی بھی دو قانونگو سرکل (i) پاشتو، (ii) بیاری پر مشتمل ہے۔ کسی قسم کی چھیڑ چھاڑ کرنے، نوعیت حیثیت تبدیل کرنے سے بہتری ممکن نہ ہے۔ البتہ بے چینی، اضطراب اور ابتری واقع ہوگی۔ ماضی میں جب چھیڑ چھاڑ کرنے نوعیت اور حیثیت تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی تو خود الیکشن کمیشن نے سابقہ حیثیت اور پوزیشن برقرار فرمائی۔ (فیصلہ لف ہے...."J")

## نمائندگی کا حق PREDOMINACE:-

PK-28 میں تحصیل الائی/علاقہ الائی کو واضح عددی برتری حاصل ہے۔ تحصیل بٹگرام کی کچھ آبادی علاقہ الائی/PK-28 میں ڈالا جارہا ہے۔ تو شامل کردہ علاقہ کے ووٹر/آبادی کے نمائندہ حقوق پر منفی اثر پڑے گا اور اقلیت کی آواز/حقوق اکثریت میں محو ہر کر نمائندگی کے حق سے محروم ہو جائینگے۔

27/03/2018

## عوامی سہولت:-

حلقہ بندی کرتے وقت یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ عوامی سہولت اور نمائندہ حقوق مستحکم ہو اور ہر اس اقدام سے گریز کیا جائیگا جو نمائندگی، نمائندہ حقوق اور عوامی سہولت کے منافی ہو۔

## آبادی کا تناسب:-

حلقہ بندی کیلئے آبادی کے تناسب کا بھی ایک شرط ہے لیکن تناسب کو اس وقت فوقیت ملے گی جب جغرافیائی وحدت انتظامی تسلسل قبیلوں کے رسم و رواج، رہن سہن، مواصلات کی سہولت، نمائندگی وغیرہ متاثر نہ ہو۔ بصورت دیگر آبادی کے تناسب کو نظر انداز کیا جائیگا۔

(1)- 1981ء کے مردم شماری کے مطابق بٹگرام ضلع کی آبادی 339119 تھی الائی کی آبادی 1,34955 جبکہ بٹگرام کی آبادی 204164 تھی۔ فرق 20% کا تھا تب بھی دیگر امور کو ترجیح دیتے ہوئے PK-28 الائی اور PK-29 بٹگرام کو برقرار رکھا گیا۔ 1998ء کی مردم شماری میں بٹگرام PK-29 کی آبادی 185626 اور الائی PK-28 کی آبادی 121652 تھی فرق 20.89% کا تھا۔ لیکن پھر بھی دیگر امور کو ترجیح دی جاکر آبادی کے تناسب میں فرق کو نظر انداز کیا گیا۔ (مردم شماری 1981ء اور 1998ء کی کاپی بالترتیب "H" اور "I" الف ہے)

(2)- 2002ء میں بھی جب ضلع بٹگرام کے صوبائی حلقہ بندی میں ردوبدل کی کوشش کی

گئی تو آبادی کے تناسب میں فرق کے باوجود کمیشن نے عدالتی فیصلے کی روشنی میں اس فرق کو نظر انداز کر کے دیگر بنیادی حقائق کو اہمیت دے دی۔

(3)۔ اب بھی فرق معمولی ہے۔ 2017ء کی مردم شماری کے مطابق بٹگرام PK-29 کی آبادی 296198 ہے جبکہ الائی PK-28 کی آبادی 180414 ہے فرق صرف 4% بڑھ گیا ہے۔ (مردم شماری 2017ء کی کاپی لف ہے..."K") جو 10% سے کم ہے جس کو اگر نظر انداز کیا جائے تو زیادہ قرین انصاف ہے۔ اس لئے کے تاریخی پس منظر، عوامی رائے، عوامی سہولت، جغرافیائی وحدت اور انتظامی امور پر کوئی منفی اثر نہیں پڑے گا۔

(4)۔ رولز 9 کے مطابق صرف اور صرف پٹوار سرکل کو کسی بھی صورت نہیں توڑا جا سکتا۔

(5)۔ رولز 9 کے مطابق معقول وجوہات اور ناگزیر حالات کے پیش نظر آبادی کے تناسب کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے مثلاً PK-1 چترال 47362 کی آبادی پر اور PK-35 تورغر 171395 کی آبادی پر قائم کئے گئے ہیں۔

پس بوجوہات و حالات بالا استدعا ہے کہ مجوزہ تبدیلی کو نا قابل عمل اور نا قابل پذیرائی گردانتے ہوئے واپس لیا جا کر بغیر کسی کمی بیشی تحصیل الائی پر مشتمل PK-28 اور بغیر کسی کمی پیشی کے تحصیل بٹگرام پر مشتمل PK-29 برقرار رکھا جاوے۔ مجوزہ تبدیلی پر اعتراض ہے سابقہ صورت حال جو کہ درست قابل عمل اور سب کو منظور ہے معقول بھی کو جوں کے توں برقرار رکھا جاوے۔ (تجویز کردہ نقشہ لف ہے......"M")


درخواست گزار

**خورشید محمد خان عرف اکا خان ولد اورنگزیب خان (ممبر ڈسٹرکٹ کونسل)**

ساکنہ تھاکوٹ، تحصیل و ضلع بٹگرام شناختی کارڈ نمبر 13202-6548941-5

ووٹ سلسلہ نمبر 99 شماریاتی بلاک کوڈ 020020102 تھاکوٹ بٹگرام۔

موبائل نمبر: 0344-9444888